# کنیکٹڈ سوسائٹی

## موبائل انٹرنیٹ سکلز ٹریننگ ٹول کٹ

لوگوں کو موبائل انٹرنیٹ کی بنیادی مہارتوں کی تربیت دینے کے لیے ایک گائیڈ



موبائل انٹرنیٹ اسکلز ٹریننگ ٹول کٹ (ایم آئی ایس ٹی ٹی) © 2021 از GSMA موبائل فار ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن ، انک, CC BY 4.0 کے تحت لائسنس یافتہ ہے

ماڈیول 11 - کائی او ایس

# ماڈیول 11- کائی او ایس

موبائل انٹرنیٹ سکلز ٹریننگ ٹول کٹ (ایم آئی ایس ٹی ٹی)

# تفصیلی ٹریننگ

# ماڈیول 11 - کائی او ایس

## سیکھنے کے مقاصد




**وقت کا دورانیہ**

45-60 منٹ

ٹرینی کائی او ایس فون پر بنیادی آپریشن کرنے کا طریقہ سیکھتا ہے
ٹرینی نے ایک ایپ ڈاؤن لوڈ اور استعمال کی ہے ، براؤزر کھولا ہے اور ایک ویب سائٹ نیویگیٹ کی ہے ۔
ٹرینی اپنے کچھ اہداف کو پورا کرنے کے لئے کائی او ایس فون استعمال کرنے کے بارے میں پرجوش ہے

## وہ چیزیں جس کی آپ کو ضرورت ہوگی



چھوٹے انعامات



کائی او ایس فون



قلم



کائی او ایس پوسٹر #1:
کائی سٹور



کائی او ایس پوسٹر #2:
براؤزر



کائی او ایس پوسٹر #3:
وائی فائی سے جڑنا



کائی او ایس پوسٹر #5:
واٹس ایپ پر پیغام بھیجنا



کائی او ایس پوسٹر #6:
گوگل اسسٹنٹ

# کائی او ایس متعارف کروائیں

## کائی او ایس فونز آپ کو آن لائن جڑنے اور سمارٹ فون کے تمام فوائد تک رسائی حاصل کرنے کے قابل بناتے ہیں

### کائی او ایس کی مختصر وضاحت دیں

"کائی او ایس فعال فون کا مطلب ہے کہ آپ انٹرنیٹ سے جڑ سکتے ہیں ، واٹس ایپ اور دیگر ایپس استعمال کر سکتے ہیں اور سستی قیمت پر سمارٹ فون کے تمام فوائد سے لطف اندوز ہو سکتے ہیں۔"

"کائی او ایس فونز میں اوپیرا کی طرح ایک براؤزر اور ایپلی کیشنز سٹور ہے جہاں آپ مفت ایپس ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔"

### کائی او ایس کو اپنے ٹرینیز سے متعلقہ بنائیں

اس بات پر تبادلہ خیال کریں کہ کائی او ایس فون ان کی زندگی میں کس طرح ان کی مدد کر سکتا ہے:

**پوچھیں** "آپ اپنی زندگی میں گوگل ایپ کیسے استعمال کرسکتے ہیں؟" ان کے مفادات کی بنیاد پر کچھ تجاویز فراہم کریں۔

**پوچھیں** "آپ کون سی ایپس استعمال کرنا چاہیں گے؟"

### فوائد کو اُجاگر کریں!

کائی او ایس آپ (ٹرینر)، آپ کے دوستوں اور اہل خانہ کے لئے کس طرح فائدہ مند ہے۔ کچھ مثالوں میں شامل ہیں:

- انتظامات کرنے اور خبریں شیئر کرنے کے لئے دوستوں / خاندان کے افراد کے گروپوں کے ساتھ رابطہ کرنا ؛
- یوٹیوب ویڈیوز پر نئی مہارتیں سیکھنا۔ مخصوص مثالیں پیش کریں۔
- کسی بھی موضوع کے بارے میں دوستوں کے سوالات کے جوابات تلاش کر کے ان کی مدد کریں ؛
- وائی فائی سے جڑ کر انٹرنیٹ مفت استعمال کریں۔ اگر آپ کے پاس ڈیٹا ہے تو آپ اپنا انٹرنیٹ ان دوستوں کے ساتھ بھی شیئر کرسکتے ہیں جن کے پاس ڈیٹا نہیں ہے۔

**یاد رکھیں:** ٹریننگ میں مباحثوں اور سرگرمیوں کو اس بات سے جوڑیں کہ انٹرنیٹ آپ کے ٹرینیز کی اپنی زندگیوں میں کس طرح مددگار یا مفید ثابت ہوسکتا ہے۔ اس سے ان کے لئے ٹریننگ کو متعلقہ اور دلچسپ رکھنے میں مدد ملے گی۔

# سرگرمی: ایپس ڈاؤن لوڈ کرنا

**وضاحت کریں:** "ہر کائی او ایس فعال فون میں کائی سٹور ہوتا ہے ، جس سے آپ اپنے فون میں نئے ٹولز شامل کرسکتے ہیں۔ ان میں سے زیادہ تر ٹولز مفت ہیں۔ یہ وہ جگہ ہے جہاں آپ مفت واٹس ایپ ، گیمز اور دیگر مفید ایپس حاصل کرسکتے ہیں۔"

## ٹرینیز کو کائی سٹور دکھائیں




ایپس اور کائی سٹور کی مختصر وضاحت دیں:

- "کائی او ایس آپ کو مفت گیمز حاصل کرنے ، کھیل کے اسکور تلاش کرنے اور

اپنے فون پر مفت خبروں کی معلومات تک رسائی کی اجازت دیتا ہے۔ ان کو ایپس کہا جاتا ہے۔ آپ ان ایپس کو کائی سٹور میں مفت حاصل کر سکتے ہیں۔"

کائی سٹور سے آپ زینڈر ، واٹس ایپ ، مذہبی متون اور بہت سی مفت ایپس تک بھی رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

## فوائد کو اُجاگر کریں!

ایپس آپ ، آپ کے دوستوں اور خاندان والوں کی کس طرح مدد کرتی ہیں اس کی ذاتی مثالیں شیئر کریں۔ کچھ مثالوں میں شامل ہو سکتیں ہیں:

انٹرنیٹ کنکشن کے بغیر بھی تصاویر اور ویڈیوز جیسی فائلیں شیئر کرنا

لغت میں نئے الفاظ کا مطلب سیکھنا

دنیا بھر سے ترکیبیں پڑھنا

ٹرینیز سے کہیں کہ وہ کائی سٹور کھولیں اور ایک ایپ تلاش کریں جو وہ مفت حاصل کرنا چاہتے ہیں

## کائی او ایس کو اپنے ٹرینیز سے متعلقہ بنائیں:

اس بات پر تبادلہ خیال کریں کہ وہ کیا سیکھنا یا بہتر بنانا چاہتے ہیں اور ایک ایسی ایپ تلاش کریں جو ایسا کر سکے۔

اس بات پر تبادلہ خیال کریں کہ ایپس کیا کر سکتی ہیں: تفریح ، سیکھانا ، مدد کرنا ، یاد دلانا...

**پوچھیں:** "کون سی ایپس ہونا مفید ہے ؟" ان کے مفادات کی بنیاد پر کچھ تجاویز فراہم کریں۔

**پوچھیں:** "آپ کون سی ایپس استعمال کرنا چاہیں گے ؟"

## عملی مضاہرہ کریں!

**وضاحت کریں:** "اب آپ کائی او ایس فون استعمال کرنے کی کوشش کریں گے ۔"




## " ایپس ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیئے کائی سٹور کا استعمال کیسے کریں" پوسٹر دکھائیں

**وضاحت کریں:** اس پوسٹر میں دکھایا گیا ہے کہ کائی سٹور سے ایپ ڈاؤن لوڈ کیسے کی جائے ۔

ٹرینیز کو دکھائیں کہ اپنے فون پر مراحل سے کیسے گزریں اور وضاحت کریں کہ وہ جتنی چاہیں ایپس ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں ۔ زیادہ تر ایپس ڈاؤن لوڈ کرنا مفت ہے ، اور کچھ ڈیٹا بھی استعمال نہیں کرتے ہیں ۔

مختلف ایپس دریافت کریں ۔ واٹس ایپ پر پیغامات اور تصاویر شیئر کریں ، فیس بک پر کسی مشہور شخصیت کی اپ ڈیٹس دیکھیں ، فلیش اسکور پر براہ راست فٹ بال اسکور حاصل کریں ، کائی نیوز پر خبریں پڑھیں وغیرہ ۔ ۔

**مشورہ:** بہتر ہے کہ کچھ ایپس (مثال کے طور پر واٹس ایپ ) پہلے سے ڈاؤن لوڈ کی جائیں ۔

ٹرینیز کو کھیل ڈاؤن لوڈ کرنے کے مراحل سے گزاریں ۔

1. کائی سٹور پر جائیں
2. سفارش کردہ جدول میں دکھائی گئی ایپس میں سے کوئی بھی کھولیں
3. اب ڈاؤن لوڈ کریں
4. گو دبا کر ایپ کھولیں

# سرگرمی: اپنے براؤزر کے ذریعے وکیپیڈیا تک رسائی



## "براؤزر استعمال کرنے کا طریقہ" پوسٹر دکھائیں

**وضاحت کریں:** "ہر کائی او ایس فون میں ایک براؤزر ہوتا ہے ، جہاں آپ اپنی مطلب کی کوئی بھی ویب سائٹ یا معلومات تلاش کر سکتے ہیں۔"

"آپ معلومات تک رسائی کے لیے گوگل ایپ اور براؤزر ایپ استعمال کر سکتے

سوالات پوچھ سکتے ہیں ؛ یہ براؤزر کی طرح ہے!"

"بہت سے کاروباری اداروں ، حکومتوں اور دیگر تنظیموں کی ویب سائٹس ہیں جہاں آپ ان کی پیشکش کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔"

## فوائد کو اُجاگر کریں!

براؤزر آپ ، آپ کے دوستوں اور خاندان والوں کی کس طرح مدد کرتا ہے اس کی ذاتی مثالیں شیئر کریں۔ کچھ مثالوں میں شامل ہیں:

مخصوص معلومات تلاش کرنا

آپ کو درپیش مسائل کے لئے تجاویز تلاش کرنا

وضاحت کریں کہ انٹرنیٹ پر سب کچھ سچ نہیں ہے۔ بہت سی غلط معلومات ہیں ، لہذا حقیقی معلومات کے لئے سرکاری ویب سائٹس پر چیک کرنا بہتر ہے۔ یہاں تک کہ دوست بھی ایسی معلومات بھیج سکتے ہیں جو سچ نہ ہو۔

## عملی مضاہرہ کریں!

**وضاحت کریں:** "آپ وکیپیڈیا پر کسی بھی موضوع کے بارے میں جان سکتے ہیں۔ آئیے سیکھنے کے لئے ایک موضوع تلاش کرتے ہیں!"

وکیپیڈیا پر جائیں اور کسی موضوع کو تلاش کریں جس میں ٹریننی دلچسپی رکھتا ہے۔

ویب سائٹ کو بک مارک کریں تاکہ ٹریننی اسے دوبارہ تلاش کرسکے۔

مشورہ: "یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ انٹرنیٹ ایک عوامی جگہ ہے ، لہذا ہر اس چیز پر یقین نہ کریں جو آپ آن لائن دیکھتے یا پڑھتے ہیں۔

## سرگرمی: وائی فائی نیٹ ورک سے جڑیں



### "وائی فائی سے جڑنے کا طریقہ" پوسٹر دکھائیں

- **وضاحت کریں:** اب آپ وائی فائی سے جڑنے جا رہے ہیں۔
- وائی فائی کیا ہے اس کی وضاحت کریں: "جب آپ وائی فائی نیٹ ورک سے جڑتے ہیں تو آپ اپنے فون سے ڈیٹا استعمال کیے بغیر آن لائن جا سکتے ہیں۔"
- "آپ اپنا ڈیٹا دوسرے لوگوں کے ساتھ بھی شیئر کر سکتے ہیں۔ جب آپ ایسا کرتے ہیں تو آپ اپنے فون سے وائی فائی بناتے ہیں اور دوسرے اس سے جڑ سکتے ہیں۔ آپ یہ کام سیٹنگز ایپ سے کر سکتے ہیں۔"

- **وضاحت کریں:** "اگر آپ ڈیٹا استعمال کیے بغیر ویڈیوز دیکھنا یا ویب براؤز کرنا چاہتے ہیں ، تو اگر کوئی وائی فائی نیٹ ورک دستیاب ہے تو آپ اس سے جڑ سکتے ہیں۔ وضاحت کریں کہ وہ اپنے ارد گرد وائی فائی کہاں سے حاصل کر سکتے ہیں۔"

---




### عملی مضاہرہ کریں!

- سیٹنگز پر جائیں اور وائی فائی پر کلک کریں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ یہ آن ہو گیا ہے۔
- آپ ہوم سکرین سے وائی فائی آن اور آف کر سکتے ہیں۔ ”اوپر“ بٹن پر چھوئیں اور وائی فائی بٹن منتخب کریں۔ بیچ کا بٹن آن یا آف کرنے کے لیے دبائیں۔
- پھر نیٹ ورک منتخب کریں اور پاس ورڈ درج کریں۔ فون کو یہ معلومات یاد رہیں گئ ، لہذا آپ کو ہر نیٹ ورک کے لئے صرف ایک بار ایسا کرنے کی ضرورت پڑے گی۔
- **اپنے مظاہرے کے بعد** ، ٹرینیز سے وائی فائی نیٹ ورک سے جڑنے کے لئے کہیں۔ اس عمل کے دوران ان کے کسی بھی سوالات میں ان کی مدد کریں۔

# سرگرمی: گوگل میپس استعمال کرنے کا طریقہ

**پوچھیں:** "میں یہاں سے جوہانسبرگ کیسے جا سکتا ہوں ؟"

اپنے ٹرینیز کو بتائیں کہ آپ کو اس سوال کا جواب کیسے ملا ہے: گوگل میپس میں۔ پھر ، وضاحت کریں کہ بعض اوقات آپ کو کسی دوسرے شہر کا راستہ تلاش کرنے کی ضرورت ہوتی ہے ۔ ایسے حالات کی ذاتی مثالیں شیئر کریں جہاں گوگل میپس کا استعمال مددگار ہو۔
اب ، وضاحت کریں کہ گوگل میپس آپ کو کسی منزل کا تیز ترین راستہ کیسے دکھا سکتا ہے ۔

**وضاحت کریں:** "گوگل میپس ہر کائی او ایس فون کے ساتھ آتا ہے۔ جب آپ ایپ کھولتے ہیں ، تو آپ اپنی آواز سے ہدایات تلاش کرسکتے ہیں - پڑھنے یا لکھنے کی ضرورت نہیں۔ مائیکروفون کے ساتھ پیلے رنگ کے آئیکن پر چھوئیں اور کہیں کہ آپ کہاں جانا چاہتے ہیں۔"

انہیں نیچے دیئے گئے کاموں کے ساتھ ترغیب دیں اور انہیں گوگل میپس کا استعمال کرتے ہوئے مکمل کرنے کے لئے کہیں۔

- پیدل قریبی گاؤں تک پہنچنے کا طریقہ معلوم کریں
- آپ نقشے پر کہاں ہیں تلاش کریں
- جگہیں اور وہاں پہنچنے کے لئے طریقے تلاش کریں

## سرگرمی: واٹس ایپ پر کسی کو پیغام بھیجیں



### "واٹس ایپ پر پیغام کیسے بھیجیں" پوسٹر دکھائیں

- **پوچھیں:** آپ امریکہ میں رہنے والے دوست کو مفت میں کیسے پیغام بھیج سکتے ہیں ؟
- **وضاحت کریں:** "واٹس ایپ کے ساتھ ، اگر آپ وائی فائی نیٹ ورک سے منسلک ہیں تو آپ کسی کو بھی مفت پیغام بھیج سکتے ہیں۔ یہاں تک کہ اگر کوئی دوست کسی دوسرے ملک میں رہتا ہے ، تو آپ واٹس ایپ کے ذریعے ان کے ساتھ مفت چیٹ کر سکتے ہیں اگر آپ کے پاس وائی فائی ہے۔"

- **وضاحت کریں:** "کسی کو واٹس ایپ پیغام بھیجنے کے لیے ضروری ہے کہ ، انہیں: 1) اپنے فون پر رابطے کے طور پر محفوظ کیا ہو ؛ 2) ان کے فون پر واٹس ایپ انسٹال ہو۔"
- "کائی او ایس پر آپ بیچ کا بٹن دبا کر واٹس ایپ پر وائس میسج بھی کر سکتے ہیں۔"
- **وضاحت کریں:** آپ واٹس ایپ کے ذریعے پیغام ٹائپ یا ریکارڈ کرسکتے ہیں۔ آپ پیغامات کے آگے چیک مارکس کے ذریعے بتا سکتے ہیں کہ آیا آپ کا پیغام بھیجا گیا ہے ، پہنچ گیا ہے اور پڑھا گیا ہے۔ یہاں ہر ایک کا مطلب یہ ہے:

✓ کامیابی سے بھیجا گیا پیغام

✓✓ وصول کنندہ کے فون پر کامیابی سے پیغام پہنچایا گیا

✓✓ وصول کنندہ نے آپ کا پیغام پڑھ لیا ہے

- اپنے ٹرینیز کو دکھائیں کہ کس طرح:
- واٹس ایپ پر سائن اپ کریں
- رابطہ کے ساتھ بات چیت کھولیں
- واٹس ایپ کے ذریعے آڈیو پیغام ریکارڈ کریں

# سرگرمی: کائی نیوز پر خبریں پڑھیں

## ٹرینیز کو کائی سٹور اور کائی نیوز آئیکن دیکھایں

- **وضاحت کریں:** "یہ ایک اخبار کی طرح ہے ، لیکن مفت میں!"
- "کائی نیوز ایپ آپ کے لیے اپنی مقامی خبروں کے بارے میں جاننے کی ایک جگہ ہے۔"
- "آپ نے کائی نیوز پر جو خبریں پڑھی ہیں وہ قابل اعتماد ذرائع سے ہیں۔"
- "خبریں پڑھنے کے لیے آپ کو کائی سٹور سے کائی نیوز ایپ مفت ڈاؤن لوڈ کرنے کی ضرورت ہے۔"

## فوائد کو اُجاگر کریں!

**اپنی کہانی بتائیں** کہ خبریں پڑھنا آپ (ٹرینر) کے لئے کس طرح فائدہ مند ہے۔ کچھ مثالوں میں شامل ہیں:

- اپنے دوستوں اور اہل خانہ کو ان خبروں کے بارے میں بتانے کے قابل ہونا جو آپ نے پڑھیں ہیں اور ان کے ساتھ جانیں والی معلومات شیئر کرنا۔
- اپنے ملک اور دنیا میں جو کچھ ہو رہا ہے اس کی تازہ ترین خبریں جانیں ، چاہے یہ خبر کسی دوسرے شہر میں ہی کیوں نہ ہو۔
- آپ کھانے ، کھیل ، سیاست ، مشہور شخصیات ، معیشت اور بہت کچھ کے بارے میں خبروں کی پیروی کر سکتے ہیں!
- آپ کسی دوست / پڑوسی کو کچھ خبروں کے بارے میں مزید وضاحت کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں جو انہوں نے آپ کے پڑھے ہوئے مضامین سے پڑھی ہیں۔ مخصوص مثالیں پیش کریں۔
- ٹرینیز سے پوچھیں کہ وہ کس قسم کی خبروں میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ ان کے جوابات کھیلوں کے اسکور ، دوسرے شہروں کی خبریں ،یا یہ جاننا کہ دنیا میں کیا ہو رہا ہے ہو سکتیں ہیں...

## کائی او ایس کو اپنے ٹرینیز کے لئے متعلقہ بنائیں:

- اپنے ٹرینیز کے ساتھ تبادلہ خیال کریں کہ کائی او ایس فون ان کی زندگی میں کس طرح ان کی مدد کر سکتا ہے۔
- **پوچھیں:** "آپ خبریں پڑھنے سے کیا سیکھ سکتے ہیں؟" ان کے مفادات کی بنیاد پر انہیں کچھ تجاویز دیں۔
- **پوچھیں:** "آپ کس موضوع کے بارے میں پڑھنا چاہیں گے؟"

**یاد رکھیں:** ٹریننگ میں مباحثوں اور سرگرمیوں کو اس بات سے جوڑیں کہ کائی نیوز ایپ آپ کے ٹرینیز کی اپنی زندگیوں میں کس طرح مددگار یا مفید ثابت ہوسکتی ہے۔ اس سے ان کے لئے ٹریننگ کو متعلقہ اور دلچسپ رکھنے میں مدد ملے گی۔

## سرگرمی: ایف ایم / ریڈیو ایپ متعارف کرائیں



### ٹرینیز کو ریڈیو آئیکن دکھائیں

بالکل آپ کے پچھلے فیچر فون کی طرح ، آپ ریڈیو تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں!

### ایک مختصر وضاحت دیں:

- **وضاحت کریں:** "کائی ریڈیو ایپ بالکل اس ریڈیو کی طرح ہے جو آپ کے پچھلے فون میں تھا!"
- "آپ ریڈیو ایپ سے ریڈیو تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں ، آپ کو اسے انسٹال کرنے کے لیے ڈیٹا کی ضرورت نہیں ہے - یہ آپ کے فون میں پہلے سے ہی انسٹال ہوتا ہے!"
- "آپ اسپیکر یا اپنے ہیڈ فونز سے خبریں سن سکتے ہیں - ریڈیو ایپ میں "اختیارات" بٹن دبا کر اس کو تبدیل کر سکتے ہیں -
- "ریڈیو ایپ استعمال کرنے سے ڈیٹا استعمال نہیں ہوتا!"

### فوائد کو اُجاگر کریں!

- اپنی کہانی بتائیں کہ ریڈیو کا استعمال آپ (ٹرینر) کے لئے کس طرح فائدہ مند ہے - کچھ مثالوں میں شامل ہیں:
- لطف اندوز ہونا
- اپنی کمیونٹی اور بیرون ملک کی موسیقی سننا
- آپ دیگر موضوعات سن سکتے ہیں اور ان کے بارے میں جان سکتے ہیں
- آپ ریڈیو فون کے سپیکر پر لگا سکتے ہیں اور آپ دیگر کام کرتے ہوے اسے سن سکتے ہیں -
- ٹرینیز سے پوچھیں کہ وہ کس قسم کی خبروں میں دلچسپی رکھتے ہیں - ان کے جوابات کھیلوں کے اسکور ، دوسرے شہروں کی خبریں ،یا یہ جاننا کہ دنیا میں کیا ہو رہا ہے ہو سکتیں ہیں...

## خلاصہ

### کائی او ایس آئیکن کھیل کھیلیں

- ایک وقت میں ایک کائی او ایس آئیکن دیکھائیں (کائی سٹور ، براؤزر ، ترتیبات ، گوگل اسسٹنٹ ، کائی نیوز)
- پوچھیں "یہ فون پر کہاں ہے اور یہ کیا ہے ؟"
- اپنے ٹرینیز کو وضاحت کریں کہ ہر آئیکن کیا ہے اور پوچھیں کہ کیا انہیں مدد کی ضرورت ہے ۔
- ٹرینیز سے پوچھیں کہ یہ کائی سٹور سے کون سی ایپ استعمال کرنے سے لطف اندوز ہوئے ہیں ۔
- صحیح جوابات کے لئے چھوٹے انعامات (جیسے مٹھائیاں) دیں اور بعد میں دیوار پر آئیکن چپکا دیں تاکہ ٹرینیز کو یاد رہے کہ وہ کیا ہے ۔

### کائی او ایس کا خلاصہ

- اپنے ٹرینیز سے تبادلہ خیال کریں کہ انہوں نے کائی سٹور کے بارے میں کیا سیکھا ہے ۔
- "آپ نے کائی سٹور کے بارے میں کیا سیکھا ہے ؟" ، "ایپس کیا ہیں ؟" ، "آپ ایپس کے ساتھ کیا کر سکتے ہیں ؟"
- "کیا آپ بیھب ا وکراؤا رزستعماکل رنے کے بام ےریں وکئی خدشات ہیں ؟"
- "آپ ذاتی ذندگمیی یں کائی نیکز ویسے استعماکل ر سکتے ہیں ؟"
- "آپ پیہشوارنہ ذندگمیی یں اسے کیسے استعماکل ر سکتے ہیں ؟"
- "آپ زینپاندگمیی یں براؤس کرز چیز کے لئے استعماکل رنا چاہتے ہیں ؟ آپ سب سے یزادکہیا چیز استعمال کرنے میں دلپسچھکر یتے اوپررجشو ہیں ؟"
-

مشورہ: "اگر آپ نہیں جانتے کہ ایپ کیا کرتی ہے تو گھبرائیں نہیں ۔ آپ مفت میں کسی بھی کائی او ایس ایپ کو ڈاؤن لوڈ اور ایکسپلور کرسکتے ہیں ۔ اگر آپ کسی ایپ کے ساتھ کچھ وقت گزارتے ہیں ، تو آپ اسے استعمال کرنا سیکھ جائیں گے ۔ بس اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ وائی فائی نیٹ ورک سے جڑیں تاکہ آپ اپنا تمام ڈیٹا استعمال نہ کریں ۔"

# اگلی سطح

## اگر آپ سیشن کے اختتام پر پہنچ جاتے ہیں اور پھر بھی آپ کے پاس اضافی وقت ہے:

**پوچھیں:** "کیا آپ کے پاس کسی بھی چیز کے بارے میں مزید سوالات ہیں جس کا ہم نے سیشن میں احاطہ کیا ہے ؟"

**پوچھیں:** "وہ موبائل انٹرنیٹ کے بارے میں اور کیا جاننا چاہیں گے ؟"
کچھ مزید جدید فیچرز جن پر آپ اپنے ٹرینیز کے ساتھ بات چیت کرسکتے ہیں مندرجہ ذیل ہیں:

**نتائج کا جائزہ لینا:** "آپ یہ کیسے فیصلہ کرتے ہیں کہ کون سی ایپ استعمال کرتے وقت ڈیٹا استعمال ہوتا ہے ؟" "آپ کو کیسے پتہ چلے گا کہ کوئی ایپ دوسرے سے زیادہ ڈیٹا استعمال کرتی ہے (یوٹیوب ، فیس بک اور واٹس ایپ پر مواد کی اسٹریمنگ گیمز جیسی دیگر ایپس کے مقابلے میں زیادہ ڈیٹا استعمال کرے گی)؟"

**اپنے فون پر میموری کیسے محفوظ کریں:** "آپ یہ کیسے شناخت کر سکتے ہیں کہ کون سی فائلیں آپ کے فون پر زیادہ جگہ لیتیں ہیں ؟" "آپ اپنے فون میں "زیادہ جگہ" کیسے بنا سکتے ہیں ؟"

**کائی او ایس پر گوگل میپس:** "آپ کو ہدایات کیسے ملتی ہیں ؟"

**کائی سٹور سے ایپس ڈاؤن لوڈ کرنا** ، اسے کیسے تلاش کرنا ہے ، ڈاؤن لوڈنگ کیسے کام کرتی ہے ، اور ان کی قیمت کتنی ہے (ایپس زیادہ تر مفت ہوتی ہیں)۔

# پوسٹرز
# تصاویر (کٹ آؤٹ)
# اور
# معلوماتی شیٹس

تصاویر(کٹ آؤٹ) - کائی او ایس







استعمال کرنے کا طریقہ

# کائی او ایس

# ایپس ڈاؤن لوڈ کرنے کے لئے کائی سٹور کا استعمال کیسے کریں

1 → 2 → 3 → 4












استعمال کرنے کا طریقہ

# کائی او ایس

## واٹس ایپ سیٹ اپ کرنے کا طریقہ



استعمال کرنے کا طریقہ

# کائی او ایس

# واٹس ایپ پر پیغام کیسے بھیجیں



استعمال کرنے کا طریقہ

# کائی او ایس

## براؤزر استعمال کرنے کا طریقہ

1 → 2 → 3 → 4





# سرٹیفیکیٹ

نے بنیادی موبائل انٹرنیٹ مہارتوں کی
ٹریننگ مکمل کر لی ہے

تاریخ

دستخط



# سرٹیفیکیٹ

نے بنیادی موبائل انٹرنیٹ مہارتوں کی
ٹریننگ مکمل کر لی ہے

تاریخ

دستخط